حضرت الشیخ کے اس مشن کو آگے بڑھانے کا ذمہ ان کے فرزند ارجمند حضرت الشیخ محمد خیر محمد مکی حجازی جو شیخ محمد مکی کے لقب سے مشہور ہیں اپنے ذمہ لیا ہے اور اس محنت کے لئے شب و روز کوشاں ہیں۔ موصوف کے دروس کو افادۂ عام کے خاطر ان کے صاحبزادے عارف محمد خیر حجازی اور اس کے رفیق محمد صادق انجم صاحب نے بڑی سلیقہ مندی کے ساتھ ضبط و مرتب کیا عام لوگوں کے لئے بھی کتاب شرک و بدعت اور رسومات کی رد میں بہترین کتاب ہے۔ بالخصوص مسئلہ توحید کے مختلف پہلوؤں پر قرآن و سنت کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ انداز تحریر سادہ سلیس اور سب کے لئے یکساں طور پر نافع ہے۔

**تحریک مسجد شہید گنج** تالیف۔ مرزا جانباز۔ قیمت ۵۰ روپے

پتہ:۔ مکتبہ تبصرہ۔ ۴/۷ گلشن کالونی۔ بادامی باغ۔ لاہور

مرزا جانباز مشہور مورخ، صاحب قلم، علمی و دینی، احراری اور سیاسی حلقوں میں متعارف تو پہلے ہی سے تھے حیات امیر شریعت" اور کاروانِ احرار جیسی عظیم تالیفات نے انہیں ایک عظیم مصنف کی حیثیت سے متعارف کرایا اور مستقبل کے اعتبار سے زندہ و جاوید بنا دیا۔ اب موصوف نے "تحریک مسجد شہید گنج" کے موضوع پر ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ایک تاریخی دستاویز مرتب کر کے شائع کر دی ہے۔ کاروان احرار کی طرح یہ کتاب بھی تاریخی شخصیات کے تعارف، انگریز کی میکاولی سیاست، مکر و فریب، سیاست دانوں کی وفاداریاں اور غداریاں مجلس احرار کا کردار اور سیاسی حکمت عملی، بعض اہم شخصیتوں کے تذکروں، خود مرتب کے تجزیوں و تبصروں کی وجہ سے گویا کاروانِ احرار کا تتمہ ہے۔ دینی اور شرعی نقطہ نظر سے اگر جگہ جگہ ذی روح تصاویر کے لگانے سے بھی اجتناب برتا جاتا تو کتاب کی معنویت اور برکات بھی دوبالا ہوتے۔

توقع ہے کہ قارئین اور علمی و دینی حلقے، مطالعاتی اور تحقیقی ادارے اور عام پبلک لائبریریاں کاروانِ احرار کی طرح تحریک مسجد شہید گنج کی بھی پذیرائی کریں گے۔


قومی اسمبلی میں
اسلام کا معرکہ
شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کی سرگرمیاں
ع صورت شمشیر ہے دست قضا میں وہ قوم　کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب (اقبالؒ)
قومی اسمبلی میں جمہوری قومی و ملی مسائل پہ قراردادیں، مباحثات۔ پارلیمنٹ میں موجود سیاسی پارٹیوں کا موقف، حزب اختلاف اور حزب اقتدار کا اسلامی و ملی مسائل کے بارہ میں رویہ، شیخ الحدیث کی تقاریر، اور ان کی قراردادوں پر ارکان اسمبلی کا ردعمل — آئین کو اسلامی اور جمہوری بنانے کی جدوجہد پر کیا گذری، تحاریک التواء، سوالات اور جوابات، مسودہ دستور میں ترمیمات اور تشریحی تقریریں۔
★ سیاستدانوں کے منشور اور انتخابی وعدے کردار کی کسوٹی پہ۔
★ ایک اہم سیاسی دستاویز۔
★ ایک آئینہ اور ایک اعمالنامہ
★ ایک ایسی رپورٹ جو اسمبلی کے شائع کردہ سرکاری رپورٹ کے حوالوں سے بھی مستند ہے۔
★ پاکستان کے مرحلہ آئین سازی کی ایک تاریخی داستان اور ایک ایسی کتاب جس سے وکلاء، سیاستدان بھی اور اسلامی سیاست میں منہمک افراد و جماعتیں بھی بے نیاز نہیں ہو سکتیں۔
★ ایک ایسی کتاب جو جہاد حق اور غلبۂ اسلام کے علمبردار علماء کیلئے حجت و برہان بھی ہے۔ اور مستقبل میں اسلامی جدوجہد میں رہنما بھی — کتاب شائع ہو چکی ہے اور ترسیل جاری ہے۔
عمدہ کتابت و طباعت حسین سرورق، قیمت پندرہ روپے۔ صفحات ۴۰۰
مؤتمر المصنّفین اکوڑہ خٹک (پشاور)